Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

## رانا ثناء اللہ کے 6 ججز کے خط کے معاملہ کو آؤٹ آف کورٹ حل کرنے کے مشورہ پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

رانا ثناء اللہ کا ججز کے خط کے معاملے پر مشورہ اس امر کی توثیق ہے کہ ملک میں اس وقت آئین اور قانون کا سرے سے کوئی وجود نہیں، ترجمان تحریک انصاف

ہر بار خفیہ ڈیلز کے ذریعے اقتدار میں آنے والے نہایت ڈھٹائی سے آج معزز جج صاحبان کو بھی وہی روِش اختیار کرنے کا مشورہ دے رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

رانا ثناء اللہ کا مشورہ دراصل مداخلت کے خلاف کھڑے ہونے والے ججز کیلئے پیغام ہے کہ اس معاملے کو ردی کی ٹوکری کی نذر کردیا جائے گا، ترجمان تحریک انصاف

اپنی مرضی کے خلاف فیصلہ آنے پر ججز پر حملہ آور ہونے والا غیر جمہوری گروہ آئین اور قانون کے حق میں بلند ہونے والی کوئی بھی آواز برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتا، ترجمان تحریک انصاف

رانا ثناء اللہ جواب دیں کہ عدالتی امور میں مداخلت کے ذمہ داران کا آؤٹ آف کورٹ سیٹلمنٹ کے ذریعے کیسے محاسبہ کیا جاسکتا ہے، ترجمان تحریک انصاف

عدلیہ میں مداخلت کا انکشاف کرنے والے ہر ایک معزز جج کو گھٹیا بیان بازی کا نشانہ بنانے کے بعد انہی ٹاؤٹس کے ذریعے ڈیلز کے شرمناک پیغامات بھجوائے جارہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

حکومت کی جانب سے ججز کے خط کی روشنی میں مداخلت کی تحقیقات کی بجائے اس قسم کی بیان بازی حکومت کو شریکِ جرم ثابت کرنے کیلئے کافی ہے، ترجمان تحریک انصاف

رانا ثناء کا بیان 6 ججز کے معاملے پر سپریم کورٹ از خود نوٹس کیس کی کارروائی پر اثرانداز ہونے کی ایک کوشش ہے، عدالتِ عظمیٰ رانا ثناء اللہ کے عدلیہ سے متعلق توہین آمیز بیان کا نوٹس لے اور اس کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کی جائے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ